

© weyo – stock.adobe.com

Landkreis
DAHME-SPREEWALD

# - بلیک آؤٹ -
# جب بجلی چلی جائے تو کیا کرنا چاہی

## اس مشترکہ رہائش میں زیاہ وقت کے لیے بجلی چلے جانے (بلیک آؤٹ) کی صورت میں حفاظتی اقدامات

Landkreis
DAHME-SPREEWALD
Einzigartige Natur. Starke Wirtschaft.

## مزید معلومات کے لیے رابطہ کیجیے

دہمے-سپریوالڈ کا ضلع
ریگولیٹری دفتر
Beethovenweg 14, 15907 Lübben (Spreewald)
ٹیلی فون: 03375-262146
بروز منگل: 08-12 اور 13-18 بجے
جمعرات: 08-12 اور 13-16 بجے
ordnungsamt@dahme-spreewald.de
www.dahmespreewald.info

دامے۔شپرے والڈ کے علاقہ میں آفاتی اور شہری تحفظ کے لیے

آفاتی تحفظ کے محکمہ کے ذیلی شعبہ کی حیثیت سے، ضلع آفات و حادثات سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر کی منصوبہ بندی کرنے کا ذمہ دار ہے۔

انفرادی تحفظ کی تفصیلی اور عملی معلومات
www.bbk.bund.de

ہنگامی صورتحال کے لیے مشورے اور ہنگامی حالات میں درست اقدام

بجلی کی خرابی کی صورت میں احتیاطی تدابیر

شہری تحفظ اور حادثاتی امداد کے محکمہ سے ڈاؤن لوڈ کیجیے

## بلیک آؤٹ کیا ہے؟

بلیک آؤٹ ایک دیرپا، زیادہ تر قومی سطح پر بجلی کی فراہمی کے انتظامات میں خرابی ہے۔ شہروں اور قصبوں کے مسائل کو درست کرنے میں شاید چند گھنٹے لگ جائیں، لیکن دیہاتی علاقوں میں چند دن بھی لگ سکتے ہیں۔ بجلی کی فراہمی میں کچھ تکنیکی خرابیاں، کم وقت (10 - 15 منٹ) میں بھی ٹھیک کی جاسکتی ہیں۔

## ہم بلیک آؤٹ کو کیسے پہچان سکتے ہیں؟

دیکھیے کہ کیا صرف آپ ہی کے کمرے/اپارٹمنٹ میں بجلی گئی ہے یا آپ کے علاقے (پڑوس، اسٹریٹ لیمپ) میں بھی بجلی بند ہے؟ کیا ٹیلی فون، ریڈیو اور انٹرنیٹ بھی کام کرہے ہیں یا نہیں؟

فائر برگیڈ
**112**

پولیس
**110**

حفاظتی امداد
**112**

فوری طبی امداد
**116 117**

ٹیلی فون پر مشاورت
**0800 11 10 111**

زہر خوری کی فوری امداد ۔ برلین
**030 192 40**

ہنگامی صورت میں اطلاع دیتے وقت یہ ضروربتائیے:
حادثہ کہاں ہوا؟ کیا ہوا؟
اپنا نام پتا بتائیے؟
ان کی طرف سے سوالات کا انتظار کیجیے

## آپ کا طرزِ عمل کیا ہونا چاہیے

- پر سکون رہیے
- اگر باہر ہیں تو گھر یا کسی مکان تک پہنچیے
- گھر پر رہیے
- دروازے، کھڑکیاں بند رکھیے
- ہمسائیوں کو مطلع کیجیے اور ضرورت پڑنے پر دوسروں کی مدد کیجیے
- پانی اور ٹارچ وغیرہ کفایت شعاری سے استعمال کیجیے

**بند جگھوں مثلاً کمروں وغیرہ میں، ہرگز آگ نہ جلائیے، اس سے آگ لگنے کا، دم گھٹنے کا اور زہریلی گیسوِں اور دھوئیں سے ہلاک ہونے کا خطرہ ہے**

## آپ اپنی اس مسترکہ رہائش گاہ میں کہاں رابطہ کریں

ان مشترکہ رہائش گاہوں میں سب سے پہلے رابطے کے لیے ہمیشہ سماجی کارکن یا سیکورٹی گارڈز ہوتے ہیں۔ آپ ابھی سے اپنے متعلقہ سماجی کارکن سے ہنگامی حالات میں رابطہ کے مزید مقامات پوچھ لیجیے، جہاں آپ کو مدد اور معلومات مل سکیں اور آپ ہنگامی کال کرسکیں۔

## آپ کے پاس کمرے میں کم از کم کیا ہونا چاہیے

## کیا آپ کے گھر میں یہ سب کچھ موجود ہے؟

- کھانا: لمبی مدت تک خراب نہ ہونے والی غذائیں، مثلاً بوتلوں مرتبانوں یا ڈبوں میں محفوظ سبزیاں اور پھل وغیرہ، اناج اور دالیں، پاستا، چاول، رسک یا خشک روٹی ، کرسپ بریڈ (سوی باک)، چینی، زیادہ مدت ٹھیک رہنے والا دودھ
- نقد رقم (چھوٹے نوٹ اور سکوں میں ہفتہ وار خریداری کے لیے- اچھی طرح محفوظ رکھیے)
- ادویات: تمام قسم کی دوائیں بالخصوص ذاتی استعمال کی ضروری دوائیں (مثلاً انسولین وغیرہ)
- حفظان صحت کی مصنوعات (صابن، ٹوتھ پیسٹ وغیرہ)
- ٹارچ، اضافی بیٹریاں
- ریڈیو (بیٹری یا شمسی توانائی سے چلنے والا) یا کرینک ریڈیو
- موبائل فون کے لیے سولر چارجر
- سلیپنگ بیگ، کمبل اور گرم کپڑے

## ذاتی تحفظ

کسی ہنگامی صورت حال کے وقت، حفاظتی اقدامات کی منصوبہ بندی کرنے کا وقت گزر چکا ہوتا ہے۔ مدد پہنچنے میں وقت لگتا ہے۔ ہنگامی حالات میں درست رویّہ اور اس کے لیے تیاری کو خود تحفظی یا ذاتی تحفظ کہتے ہیں۔ خود تحفظی فائر بریگیڈ، ہنگای امداد یا شہری تحفظ کے آنے تک حالات کو سنبھالنے میں مدد کرسکتی ہے۔ اس لیے آپ کو اچھے وقت میں اپنے آپ کو اپنے تحفظ کے بارے میں معلومات حاصل کرلینی چاہیں۔

## آپ کو خطرے سے کیسے خبردار کیا جاتا ہے اور آپ معلومات کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

- وارننگ ایپ (خبردار کرنے کی ایپ) NINA اور KATWARN
- ریڈیو یا سائرن سے
- فائر بریگیڈ یا پولیس کی گاڑیوں سے اعلانات
- سماجی کارکنوں یا سیکورٹی گارڈز کا خبردار کرنا

## دامے۔شپرے والڈ کے علاقہ میں بجلی چلے جانے کا کیا مطلب ہے؟



**Blackout**



**خریداری ممکن نہیں رہے گی**
کھانے پینے کی خریداری، سُپر مارکیٹ اور دوسری دوکانوں پر بھی



**پیسوں کی ادائیگی رک جائے گئی**
اے ٹی ایم، پیسے کی وصولی کا نظام، دوکانوں اور پٹرول پمپ وغیرہ



**رابطے منقطع رہیں گے**
موبائل، ٹیلیفون، ٹی وی، انٹرنیٹ اور فوری امدادی فون



**بتی نہیں ہو گی**
ٹیبل لیمپ سے سٹریٹ لیمپ تک



**ادویات دستیاب نہیں ہوں گی**
ہنگامی ادویات اور باقائدگی سے استعمال کی بھی



**گھر کے ہیٹر بند ہو سکتے ہیں**
گھریلو اور عوامی جگھوں کے ہیٹر اور ریڈییٹر



**ٹھنڈا رکھنا ممکن نہیں ہوگا**
فرج اور ڈیپ فریزر وغیرہ، گھر میں اور دوکانوں پر بھی



**پینے کا پانی نہیں ہوگا**
باورچی خانہ میں یا غسل خانہ اور بیت الخلأ میں بھی



**بجلی کا بند ہوجانا**